## جشن عیدمیلادالنبیؐ جوش وجذبے سے منانے اور ربیع الاول پر قیام امن کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا علماء کرام سے رابطے

کراچی۔۔۔25 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ہرسال کی طرح امسال بھی ایم کیوایم کے تحت جشن میلادالنبیؐ انتہائی عقیدت واحترام سے منانے اور شہر میں 12ربیع الاول کو قیام امن کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی جانب سے علمائے کرام سے رابطوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں جمعرات کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ،وسیم آفتاب اور ڈاکٹر صغیر احمد نے رویت ہلال کمیٹی پاکستان کے چیئرمین مفتی منیب الرحمٰن اور جماعت اہلسنت کراچی کے امیر سید شاہ تراب الحق قادری اور منہاج القران (طاہر القادری) سندھ کے صدر خواجہ اشرف اور سنی تحریک کے رہنماء شکیل قادری اور شاہد غوری سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے جشن عیدمیلادالنبیؐ کی مبارکباد پیش کی۔ایم کیوایم کے وفد نے ایم کیوایم کی جانب سے ربیع اول کو شہر میں ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران کی جانب سے انتظامات کے سلسلے میں آگاہ کیا،ایم کیوایم 12ربیع الاول کو ہرسال کی طرح امسال بھی بھرپور جوش وجذبے سے منائے گی،شہر بھر میں اہم شاہراہوں پر پانی کی سبیلیں،استقبالیہ کیمپس بھی قائم کرے گی۔اس موقع پر مفتی منیب الرحمٰن،شکیل قادری اور شاہد غوری نے جشن عیدمیلادالنبیؐ کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے کی جانے والی خدمات کو سراہا۔دونوں رہنماؤں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو اپنی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی انچارج جاوید احمد اور دیگر بھی موجود تھے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے لیاری واقعات میں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی رہائشگاہوں پر جاکر لواحقین کو امدادی رقم کے چیک دیئے

کراچی۔۔۔25،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک اور سیف یار خان نے جناح اسپتال کے باہر حالیہ بم دھماکے اور لیاری کے ہنگاموں بشمول شہر کے مختلف علاقوں اورنگی ٹاؤن، قصبہ علی گڑھ،لیاقت آباد،ناظم آباد گلبہار،لیاری،رنچھوڑ لائن اور لائینز ایریا میں ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کے دیگر واقعات میں شہید ہونیوالے کارکنان وہمدردوں کے گھروں پر جاکر شہداء کے لواحقین سے ملاقات کی اور لواحقین میں امدادی رقوم کے چیکس تقسیم کیے اور شہداء کی مغفرت کیلئے دعائیں کیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان صدر ٹاؤن یوسی 10کے حق پرست کونسلر نور علی کے گھر بھی گئے اور لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے انہیں رقم کا چیک دیا اور صبر کی تلقین کی وہ کچھ دیر شہید کے لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے شہید کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء حق پرست شہید کے سوگوار لواحقین نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد آکر رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس اور دیگر ارکان سے ملاقات کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے امدادی رقم کے چیک وصول کیے۔اس موقع پر شہید کے لواحقین نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے امدادی رقم کی تقسیم پر شکریہ ادا کیا اور ان کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیں دکھ اور پریشانی کی گھڑی میں یاد رکھ کر جس طرح ہمارے دکھوں کا مداوا کیا ہم ان کے ممنون ومشکور ہیں۔

## میرپورخاص کے حق پرست بلدیاتی نمائندوں کے اعزاز میں ایم کیوایم کی جانب سے شاندار استقبالیہ

میرپورخاص۔۔۔25،فروری2010ء

میرپورخاص کے حق پرست ضلع نائب ناظم ڈاکٹر ظفر کمالی،تعلقہ ناظم غلام دستگیر،تعلقہ نائب ناظم شفیق احمد خان سمیت تمام یوسی نائب ناظمین کے اعزاز میں متحدہ قومی موومنٹ میرپور خاص زون کی جانب سے زونل آفس میں پرتکلف استقبالیہ دیا گیا اور میرپورخاص میں حق پرست قیادت کی چارسالہ کارکردگی پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔قبل ازیں حق پرست نمائندے جب میرپورخاص کے زون آفس پہنچے تو وہاں موجود کارکنان وذمہ داران نے ان کا شاندار استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور ہار بھی پہنائے۔اس موقع پر زونل آفس کی فضاء کارکنان کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی ،کارکنان نے انتہائی جذبات میں ''ہم نہ ہو ہمارے بعد......الطاف الطاف،حق کی کھلی کتاب......الطاف الطاف،نعرہ متحدہ...... جئے متحدہ کے نعرے بھی لگائے جس کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہا۔بعدازاں حق پرست نمائندوں نے زونل کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ مقامی قبرستان میں جاکر حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور ان کے بلند درجات کے لئے دعا بھی کی۔

## جمشید ٹاؤن کے سابق حق پرست لیبر کونسلر جعفر علی بیگ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن وجمشید ٹاؤن کے سابق حق پرست لیبر کونسلر جعفر علی بیگ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپکے غم میں برابر کا شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اورسوگوار لواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن وجمشید ٹاؤن کے سابق حق پرست لیبر کونسلر جعفر علی بیگ،ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ای ایس سی یونٹ کے کارکن ظہیر حسین کے والد اشتیاق حسین اورایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن قیوم کی والدہ محترمہ آمنہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد ایڈووکیٹ کی خالہ محترمہ ناصرہ خاتون مرحومہ کی فاتحہ سوئم

میرپورخاص۔۔۔25 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد ایڈووکیٹ کی خالہ محترمہ ناصرہ خاتون کی فاتحہ سوئم آج مرحومہ کی رہائشگاہ واقع حمید پورہ میرپورخاص میں ہوئی جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورمرحومہ کی مغفرت اوردرجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان،میرپورخاص کے حق پرست ضلع نائب ناظم ڈاکٹر ظفر کمالی،تعلقہ ناظم غلام دستگیر،تعلقہ نائب ناظم شفیق احمد خان سمیت تمام یوسی نائب ناظمین،کونسلرز،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان،زونل کمیٹی کے انچارج واراکین،سیکٹرز اوریونٹس کمیٹی کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورمرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆